مولانا عبدالشکور صاحب ایم۔اے فاضل دیوبند

حافظ قاری فیوض الرحمٰن ایم۔اے
پروفیسر گورنمنٹ کالج۔ایبٹ آباد

پیدائش و ابتدائی تعلیم | آپ ۱۸؍ جولائی ۱۹۱۸ء میں "کھلابٹ" تحصیل ہری پور کے مقام پہ پیدا ہوئے۔ مقامی سکول سے پرائمری پاس کر کے ۱۹۳۰ء میں حضرت مولانا سید احمدؒ کے پاس ریاست رامپور چلے گئے۔ نحو کی کتب مولانا موصوف سے پڑھیں، شرح جامی، کنز الدقائق، نور الانوار اور مختصر المعانی تک کی کتابیں "مطلع العلوم" ہی میں پڑھیں۔ ۱۹۳۵ء تک اسی مدرسہ میں قیام رہا۔ ۱۹۳۶ء میں مظاہر العلوم سہارنپور میں داخل ہوئے اور مقامات حریری، ملا حسن، شرح وقایہ، میر زاہد اور تفسیر جلالین اسی مدرسہ میں پڑھیں۔

۱۹۳۷ء میں دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا۔ بخاری و ترمذی حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ سے طحاوی حضرت مولانا شمس الحق افغانی صاحب دامت برکاتہم سے، ابو داؤد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب سے اور صحیح مسلم حضرت مولانا محمد ابراہیم بلیاویؒ سے پڑھیں۔ کتب حدیث کے علاوہ ادب کے امام حضرت مولانا اعزاز علی صاحبؒ سے حماسہ، متنبی، ہدایہ آخرین اور شمائل ترمذی پڑھیں۔ اور مولانا عبدالسمیع صاحبؒ سے "مشکوٰۃ" اور بیضاوی شریف پڑھیں۔

فراغت و تدریس | ۱۹۴۰ء میں فراغت ہوئی۔ فراغت کے بعد اپنے وطن واپس آئے اور ۱۹۴۲ء میں ہری پور کے ممتاز تعلیمی ادارہ — "احمد المدارس" میں درس نظامی کی تدریس شروع کی۔ اور ۱۹۴۵ء تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ اسی عرصۂ قیام کے دوران ۱۹۴۴ء میں آپ نے پنجاب

باقی صفحہ ۹۵ پہ